''مسلم مسیحی امن کونسل''---اپنا کردار ادا کرتی رہے گی---

بشپ جاوید البرٹ

''مسلم۔مسیحی امن کونسل'' کے سربراہ بشپ آف پاکستان بشپ جاوید البرٹ نے کہا ہے کہ کونسل پاکستان میں مذہبی ہم آہنگی اور باہمی احترام کی فضا قائم رکھنے کے لیے ہمیشہ نمایاں خدمات سرانجام دیتی رہے گی، تاکہ کسی کو فساد پھیلا کر امن وامان کو تہ و بالا کرنے کی جرات نہ ہو سکے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''مسلم۔مسیحی امن کونسل'' کے ایک وفد کی قیادت کرتے ہوئے وفاقی وزیر مذہبی واقلیتی امور راجہ محمد ظفر الحق سے اسلام آباد میں ملاقات کے دوران میں کیا۔کونسل کے ڈویژنل کوآرڈی نیٹر سردار آصف بھی اس موقع پر موجود تھے۔راجہ ظفر الحق نے وفد کے اراکین سے کہا کہ داخلی امن سے ہی ملکی استحکام اور خوشحالی کی منزل حاصل ہو سکتی ہے، اور ان مقاصد کی تکمیل کے لیے مسلمانوں اور مسیحی قوم کو شانہ بشانہ ایک ہو کر جدوجہد کرنا ہو گی، تاکہ اختلافات پیدا کرنے والوں کی حوصلہ شکنی ہو سکے۔(ہفت روزہ ''تجدید''، راولپنڈی-۳۰ مئی ۱۹۹۹ء)

سوڈان: ہزاروں افراد ''جیسس'' (Jesus) دیکھ رہے ہیں۔

''بائبل سوسائٹی آف سوڈان'' کا پروگرام ہے کہ سال ۲۰۰۰ء تک سوڈان کے ہر ایک شہری کو حضرت عیسیٰؑ پر "Jesus" نامی فلم دکھا دی جائے۔ہر سال ۶۰ لاکھ سے ۸۰ لاکھ افراد کو فلم دکھانا پیش نظر ہے۔جنوری سے ستمبر ۱۹۹۷ء تک ۳۳۵۰ دفعہ فلم دکھانے کا اہتمام کیا گیا تھا، اور تقریباً ۹۰ لاکھ افراد نے فلم دیکھی تھی۔فلم دکھانے کے بعد ''لوقا کی انجیل'' تقسیم کی جاتی ہے۔مزید براں مقامی چرچوں سے تعلق رکھنے والے مسیحیوں کو لٹریچر تقسیم کرنے اور پیش آمدہ سوال و جواب کے